| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: سیرت طیبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ |

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ کو اپنا سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے اخلاقِ حسنہ کا مفہوم پوچھیں۔ ان سے حضرت محمد رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اخلاق حسنہ سے متعلق کوئی واقعہ سنانے کے لیے کہیں۔ ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ چھوٹوں اور بڑوں سب سے محبت کرتے تھے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کہیں جا رہے ہوتے اور راستے میں بچے مل جاتے تو آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اُن سے سلام میں پہل کرتے، انھیں محبت سے اپنی گود میں بٹھاتے، مجلس میں کوئی نیا پھل یا چیز آتی تو سب سے پہلے وہاں موجود سب سے چھوٹے بچے کو دیتے۔
- حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے دس سال رسول اکرم خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت کی۔ مگر آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے کبھی مجھے یہ نہیں کہا کہ تو نے یہ کام کیوں کیا یا کیوں نہیں کیا۔ (صحیح بخاری: 6038)

- طلبہ کو کہیں ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت پر عمل کرتے ہوئے بہترین اخلاق کو اپنائیں۔اسی میں دنیا و آخرت کی بھلائی ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| سیرت | سِی۔رت | عادت |
| خدمت | خِد۔مَت | کام میں مدد |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے تصوّر کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(۳)کا سوال کتاب پر حل کرائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے اخلاق حسنہ سے متعلق کوئی واقعہ اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

| بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ (دہرائی) |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- درود شریف صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر پڑھ سکیں۔
- روز مرّہ زندگی میں استعمال ہونے والے کلمات اور ان کا مفہوم یاد کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

## طریقہ تدریس: 5منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق حفظ و ترجمہ کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو بآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

## اعادہ: 15منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## جائزہ:

N/A

## گھر کا کام:

N/A

| 20منٹ | ورک شیٹ |
|---|---|

| نام:____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: حفظ و ترجمہ (دہرائی) |
|---|---|---|

سوال 1: درود پاک کا ترجمہ لکھیں۔

# صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

ترجمہ: ____________________________________________

____________________________________________

سوال 2: جن موقعوں پر الحمد للہ کہنا چاہیے ان پر "✓" کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| امتحان میں پاس ہونے پر ◯ | کتاب پڑھنے سے پہلے ◯ |
| کھانا کھانے سے پہلے ◯ | نئے کپڑے اور جوتے پہن کر ◯ |
| پانی پینے کے بعد ◯ | کوئی بھی اچھا کام کرنے کے بعد ◯ |

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 9 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی محبت اور اطاعت (دہرائی) | باب سوم: سیرت طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی محبت رکھنا ایمان کا لازمی جزو ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

## طریقہ تدریس: 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی محبت اور اطاعت کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

## اعادہ: 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## جائزہ:

N/A

**20منٹ** | **ورک شیٹ**

| نام:________ | مضمون: اسلامیات | سبق: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت اور اطاعت (دہرائی) |
|---|---|---|

سوال 1: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبت کا تقاضا کیا ہے؟

____________________

____________________

سوال 2: صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اکرم خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے کیسی محبت رکھتے تھے؟

____________________

____________________

سوال 3: کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| آپ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا تعلق قریش کے ایک معزز | حضرت عبداللہ تھا۔ |
| آپ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے والد ماجد کا نام | کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔ |
| آپ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک | اطاعت کا حکم دیا ہے۔ |
| اللہ تعالیٰ نے ہمیں آپ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی | خاندان بنو ہاشم سے تھا۔ |